نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

**Ph.042-99200731,
99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بے موسمی بارشوں کے دوران کپاس کے تحفظ کے لیے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور09اپریل2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکاربے موسمی بارشوں کے دوران کپاس کی بہتر نگہداشت کے لئے فصل میں زیادہ پانی کھڑا نہ ہونے دیں کیونکہ اس سے نوزائیدہ پودوں کی جڑوں کے سانس لینے اور خوراک بننے کا عمل رک جاتا ہے جس کی وجہ سے گڈیاں اور چھوٹے ٹینڈے گرنا شروع ہو جاتے ہیں اور پیداوار متاثر ہوتی ہے۔ بارش کا پانی کھیت میں 48 گھنٹے سے زیادہ کھڑا رہنے سے پودے مرجھا نا شروع ہو جاتے ہیں اس لیے پانی کے نکاس کا فوری بندو بست کریں یا فصل میں کھڑے پانی کو کسی خالی نچلے کھیت میں نکال دیں۔ اگر کھیت سے پانی نکالنا ممکن نہ ہو تو کھیت کے دونوں کناروں پر تقریباً 10 فٹ لمبا، 6 فٹ چوڑا اور 5 فٹ گہرا گڑھا کھود لیں تا کہ بارش کا پانی ان گڑھوں میں جمع کیا جا سکے۔ ایسے کاشتکار جو کپاس کی کاشت جاری رکھے ہوئے ہیں انہیں چاہیے کہ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کی موسم کی پیشن گوئی کے مطابق اپنے انتظامات کریں اور بارش ہونے کی صورت میں کپاس کی کاشت وقتی طور پر روک دیں۔

****